© rasailojaraid.com

ڈالے بغیر اور علاقائی حدود میں ان کے فروغ کو روکے بغیر قومی زبان کی حیثیت سے اس کی ترویج کے لیے ایسی صورتیں اختیار کی جائیں جن کے ذریعے پاکستان کے جملہ علاقائی عناصر کی دلی رضامندی حاصل ہوسکے۔ پمفلٹ خوبصورت ٹائپ میں چھپا ہے۔

**آدمؑ - نوحؑ** | مرتبہ : عبید الحق صاحب۔ شائع کردہ : المکتبۃ العلمیہ - ۱۵، لیک روڈ، لاہور۔ قیمت ہر ایک ۵ر۔

یہ دونوں پمفلٹ دو جلیل القدر انبیاء کے قرآنی حالات پر مشتمل ہیں اور بچوں کے مطالعہ کے لیے عربی سے اُردو میں ترجمہ کیے گئے ہیں۔ زبان مناسب، ترجمہ صاف!

**رفیقِ النکاح** | مؤلفہ : مولوی محمد ظفر صاحب بی اے، ایل ایل بی، وکیل، سرگودھا۔ ۱ر کی ٹکٹیں بھیج کر مؤلف سے حاصل کریں۔

”سلکِ مروارید“ کے نام سے مؤلف نے ایک اشاعتی سلسلہ شروع کر رکھا ہے جو کم سے کم ۲ر ماہانہ کے چندہ پر بہم پہنچایا جاتا ہے۔ اسی کی ایک کڑی یہ کتابچہ ہے جو پاکٹ بک سائز پر ہے۔ اس میں مکالمہ کے انداز میں مسائلِ نکاح بیان کیے گئے ہیں۔

**ماہنامہ ”الفقر“** | ادارت : جناب محمد سرور صاحب قریشی۔ مقامِ اشاعت : تعلیمی پریس، گرین وڈ اسٹریٹ سیالکوٹ۔ فی پرچہ ۵ر۔ چندہ سالانہ ۳ روپے۔

نام سے مغالطہ نہ ہو، یہ ماہنامہ طالب علموں اور بچوں کے لیے شائع ہوتا ہے۔ مزاج اسلامی ہے اور نقطۂ نظر تعلیمی۔ معیارِ طباعت آہستہ آہستہ ترقی کر رہا ہے۔

**THE ESSENCE OF ISLAMIC TEACHINGS.** | از قلم : سید نواب علی صاحب۔ ناشر : اشرف پبلیکیشنز، لاہور۔ قیمت عہ ر

یہ کتاب اسلام کا ایک اجمالی تعارف کرانے کے لیے انگریزی میں لکھی گئی ہے۔ ہماری طلبہ میں یہ ایک صاف نقطۂ نظر کو لیے ہوئے ہے اور اس کے پس منظر میں خاصا مطالعہ جھلکتا ہے۔ میٹرک تک کی استعداد رکھنے والے طلبہ کے لیے بھی بہت مفید رہے گی۔ طباعتی معیار بہت اچھا ہے۔

**NOTES ON IQBAL'S ASRAR-I-KHUDI.** | از جناب آرتھر جے آربری۔ ناشر : اشرف پبلیکیشنز، لاہور۔ قیمت عہ ر

یہ اقبال کی مشہور فارسی مثنوی ”اسرارِ خودی“ کا انگریزی زبان میں مصرع بمصرع

© rasailojaraid.com